بسم اللہ الرحمن الرحیم

نیو مسلم اسلام کی ضروری اور بنیادی تعلیمات کہاں سے حاصل کرے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

میں نے دینِ اسلام قبول کیا ہے۔ اب میری خواہش ہے کہ میں اسلام کی بنیادی اور ضروری تعلیمات سیکھوں، تو اس کے لیے مجھے کہاں سے رہنمائی مل سکتی ہے؟

جواب

مسلمانوں نے علم دین کے فروغ و حصول کے لیے ہر دور میں بہت سے جامع اور موثر طریقے اختیار کیے ہیں جن کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ ہر فرد دینِ اسلام کی صحیح معلومات حاصل کرے تاکہ وہ اپنی عملی زندگی کو اسلامی تعلیمات کے مطابق ڈھال سکے۔ اب رہی یہ بات کہ علمِ دین کیسے حاصل کرے تو اس کا جواب بہت آسان ہے کہ جس طرح جسمانی بیماری کی صورت میں ایک سمجھ دار انسان کسی متعلقہ ماہر ڈاکٹر سے رجوع کرتا ہے اور اس کے مشورے پر چلتا ہے کیونکہ وہ باقاعدہ علم، عملی تجربہ اور پیشہ ورانہ تربیت رکھتا ہے، ایسے ہی دینِ اسلام کے بنیادی ماخذ قرآن و حدیث کی صحیح تفہیم، دینی احکام کی درست تشریح اور شرعی مسائل کے حل کے لیے مستند علمائے کرام سے رجوع کرنا ضروری ہے تاکہ وہ علم دین کا صحیح اور محفوظ راستہ بتاسکیں، خود سکھائیں یا کسی دوسرے اہل فرد کی طرف رہنمائی کردیں یا مستند کتاب یا جگہ کا بتادیں۔ قرآن پاک میں ہے: ﴿فَسْـٴَـلُوْۤا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾ ترجمہ کنزالعرفان: ”اے لوگو! اگر تم نہیں جانتے تو علم والوں سے پوچھو۔“ **(القرآن، پارہ 14، سورۃ النحل، آیت 43)**

مذکورہ آیت مبارکہ کے تحت صراط الجنان فی تفسیر القرآن میں ہے: ”اس آیت کے الفاظ کے عموم سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جس مسئلے کا علم نہ ہو اس کے بارے میں علماء کی طرف رجوع کرنا ضروری ہے۔“ **(صراط الجنان، جلد 05، صفحہ 320، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ، کراچی)**

نبی کریم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اسلام میں داخل ہونے والوں کی علمی و عملی تربیت کے لیے ماہر مبلغین واساتذہ کا اہتمام فرماتے، جیسا کہ حضرت ابو ثعلبہ رَضِیَ اللہ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں کہ میں نے نبیِ کریم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی بارگاہ میں عرض کی: ”ادفعني الى رجل حسن التعليم فدفعني الى ابي عبيدة بن الجراح ثم قال: قد دفعتك الى رجل يحسن تعليمك وادبك“

ترجمہ: مجھے کسی ایسے شخص کے حوالے فرمائیں جو اچھی تعلیم دینے والا ہو، تو رسول اللہ صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے مجھے حضرت ابو عبیدہ بن جراح رَضِیَ اللہ تَعَالٰی عَنْہُ کے سپرد کیا، پھر ارشاد فرمایا: میں نے تجھے ایک ایسے شخص کے حوالے کیا ہے جو تجھے بہترین تعلیم اور ادب سکھائے گا۔ **(المعجم الکبیر للطبرانی، جلد 01، صفحہ 157، مطبوعہ قاھرۃ)**

موجودہ دور میں اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت یہ ہے کہ مستند علمائے کرام کی صُحبت (Company) کے ساتھ ساتھ متعدد جدید اور مستند ذرائع موجود ہیں جہاں سے اسلام کے بنیادی عقائد و مسائل وغیرہ ضروری تفصیلات کا علم حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ان ذرائع میں سے چند نمایاں درج ذیل ہیں:

*... مستند علمائے کرام کی تصنیف کردہ دینی کتب، مثلاً تبلیغ قرآن و سنت کی عالمگیر تحریک دعوت اسلامی کے مشہور اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی کتابوں کا مطالعہ کرنا۔

*... شرعی مسائل پر دعوت اسلامی کے دینی لیکچرز، بیانات یا پروگرام جو دعوت اسلامی کے مدنی چینل یا سوشل میڈیا یا یوٹیوب چینل وغیرہ پر موجود ہیں۔

*... دعوتِ اسلامی کی زیر نگرانی چلنے والے دار العلوم یا جامعہ، مثلاً جامعۃ المدینہ میں داخلہ لے کر باقاعدہ علمِ دین حاصل کرنا۔

*... آن لائن معتبر اسلامک کورسز، جس کا ایک بہت مستند اور نہایت وسیع نیٹ ورک فیضان آن لائن اکیڈمی ہے۔ اس کے ذریعے علمِ دین سیکھنا۔

مشورہ: الحمد للہ عظیم دینی تحریک دعوت اسلامی دنیا بھر میں دینِ اسلام کی اشاعت اور خدمت کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ ان کوششوں کے نتیجے میں کثیر افراد اسلام کی حقانیت سے متاثر ہو کر دائرۂ اسلام میں داخل ہو رہے ہیں۔ قبولِ اسلام کے بعد ان نَو مسلم افراد کی دینی رہنمائی اور عملی تربیت کے لیے نیو مسلم کورس کا باقاعدہ اہتمام کیا جاتا ہے، جس کے ذریعے انہیں اسلام کی بنیادی تعلیمات، ضروری عقائد اور فرض علوم نہایت آسان اور مؤثر اور قابلِ فہم انداز میں سکھائے جاتے ہیں تاکہ وہ ضروریاتِ دین سیکھ کر اپنی عملی زندگی میں اسلامی احکامات پر عمل کر سکیں۔

نیو مسلم افراد کی دینی تربیت اور مزید معلومات کے لیے درج ذیل لنک کا وزٹ کیجیے۔

https://newmuslimhelp.net/ur/

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مفتی محمد قاسم عطاری

تاریخ اجراء: 05 رجب المرجب 1447ھ/26 دسمبر 2025ء